PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

اسکولز کی طالبات میں کرکٹ کے فروغ کے لیے پی سی بی اور اوبر میں شراکت داری

- 6ماہ کے دوران 15سوسے زائد کرکٹرز فائدہ اٹھائیں گی

لاہور،31اکتوبر2019ء:

کرک فار اَس پروگرام کے تحت خواتین کرکٹ کے فروغ کے لیے پاکستان کرکٹ بورڈ اور اوبر کے درمیان شراکت داری کا معائدہ طے پاگیا ہے۔

6ماہ پر مشتمل شراکت داری کا آغاز 31 اکتوبر 2019 سے ہورہا ہے۔دونوں فریقین کے درمیان شراکت داری سے 15سوسے زائدکرکٹرز فائدہ اٹھائیں گے۔ یہ پروگرام 14 شہروں میں جاری رہے گا جس میں اسلام آباد ، کراچی، لاہور، پشاور، کوئٹہ، راولپنڈی،ایبٹ آباد، بہالپور، چارسدہ، ہری پور، مردان، ملتان، مظفرگڑھ اور نوشہرہ شامل ہیں۔

معاہدے کے تحت850 بچوں کو پلیئنگ اور ٹریننگ کے لیے مخصوص کٹس فراہم کی جائیں گی جبکہ 50 اسکولز کی طالبات کو کھیل اور ٹریننگ کا سامان فراہم کیا جائے گا۔

اس شراکت داری کے تحت ہر شہر سے 4 اسکولز کا انتخاب کیا جائے گا۔ 50 اسکولز میں اسپورٹس اسٹاف طالبات کو ٹریننگ فراہم کرے گا۔ اسپورٹس اسٹاف میں ترجیح خواتین کوچز اور مینٹورز کو دی جائے گی۔ معاہدے میں شامل 5 زونز میں 25 کرکٹ پچز بھی تیار کی جائیں گی۔

وسیم خان، پی سی بی چیف ایگزیکٹو:

چیف ایگزیکٹو پی سی بی وسیم خان کاکہنا ہے کہ خواتین کرکٹ کے فروغ اور قومی کھلاڑیوں کا پول بڑھانے کے لیے اسکولز کی سطح پر کرکٹ کو ترجیح دینی ہوگی۔

وسیم خان نے کہا کہ پاکستان کرکٹ بورڈ کرک فار اَس پروگرام کے تحت کئی اہم اقدامات اٹھارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی سی بی کا بنیادی مقصد خواتین کو کھیل کی طرف راغب کرتے ہوئے انہیں پیشہ وارانہ ماحول فراہم کرناہے۔

چیف ایگزیکٹو پی سی بی کا کہنا ہےکہ پی سی بی اور اوبر کے درمیان شراکت داری سے یہ اہداف حاصل کیے جاسکتےہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ خواتین کرکٹ کے فروغ کے لیے تعاون کرنے پر اوبر کے مشکور ہیں۔

سعد نوید پاؤل، جی ایم اوبر:

جی ایم اوبر سعدنوید پاؤل کاکہناہے کہ ہمارا مقصد صرف بااختیار خواتین کی کہانیاں سنانا ہی نہیں بلکہ ایک ایسا ماحول فراہم کرنا ہے جہاں خواتین کرکٹ کھیلنے کے لیے میدان میں آئیں۔

انہوں نے کہا کہ خواتین کو کھیل کے مواقع فراہم کرنے پر وہ پی سی بی کے ساتھ شراکت داری پر بہت پرجوش ہیں۔

کرک فار اَس پروگرام:

پی سی بی کی جانب سے ویمن کرکٹ ویژن 2022 کے تحت کرک فار اَس پروگرام کا انعقاد کیا گیا ہے۔ پروگرام کا مقصد کھیل کے فروغ کے ساتھ ساتھ نئی کرکٹرز کو قومی خواتین کرکٹ کے دھارے میں لانے کے لیے ایک واضح راستہ دیکھانا ہے۔ پروگرام کے تحت اسکولز کی طالبات کو کھیل کے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کیے جائیں گے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB’s purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering

excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4